

# ایڈز

## جلد ٹیسٹ، جلد علاج
## اپنی صحت کے ٹیسٹ کے لیے

Urdu 巴基斯坦文

**اس سے پہلے کہ آپ HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ کروائیں، آپ کو جاننا چاہیے...**

### ایڈز کیا ہے؟

**ایڈز** (حاصل کردہ مدافعتی کمزوری کی علامات) کا باعث (HIV انسانی مدافعتی کمزوری کا وائرس) ہے ۔ کسی شخص کے متاثر ہونے کے بعد، وائرس بتدریج انسانی جسم میں CD4 لیمفوسائٹس (خون کے سفید خلیوں کی ایك قسم) کو تباہ کرتا ہے ، اس شخص کی قوت مدافعت کو کم کرتا ہے ، مختلف قسم کے انفیکشن اور رسولیوں کا باعث بنتا ہے ، اور بلآخر موت کی طرف لے جاتا ہے ۔

### کیسے HIV منتقل ہوتی ہے؟

بنیادی طور پر HIV خون، منی اور فرج سے نکلنے والے مواد میں ہوتی ہے ۔ ہانگ کانگ میں، 70% سے زیادہ کیس جنسی تعلق (بشمول فرج میں جماع، دبر میں جماع اور اورال سیکس) سے متاثر ہوتے ہیں ۔ اس کے علاوہ ادویات لینے کے لیے ٹیکوں کے آلات کا مشترکہ استعمال، یا HIV سے متاثر شدہ خون کا تبادلہ یا خون کی مصنوعات کا استعمال منتقل کرنے کا باعث بنتے ہیں ۔ متاثرہ مائیں بھی اپنے بچوں میں دوران حمل، پیدائش اور اپنا دودھ پلانے کی مدت کے دوران وائرس منتقل کرسکتیں ہیں ۔ سماجی رابطہ جیسا کہ ہاتھ ملانا، گلے ملنا، گالوں پر پیار کرنا، مل کر کھانا کھانا، اسکول جانا یا اکٹھے کام کرنا HIV منتقل **نہیں کرے گا**. کیڑے مکوڑوں (مثلاً مچھر) کے کاٹنے سے HIV کے منتقل ہونے کو کسی طبی ثبوت نے ظاہر نہیں کیا ۔

### HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ کیا ہے ؟

آپ کے HIV سے متاثر ہونے کے بعد، آپ کا مدافعتی نظام اس کے خلاف لڑنے کے لیے اینٹی بوڈیز پیدا کرنا شروع کرے گا۔ HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ، اینٹی بوڈیز کے انکشاف سے، تشخیص کرسکتا ہے کہ آیا آپ متاثر ہوچکے ہیں ۔ ٹیسٹ کا **مثبت** نتیجہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ **متاثر** ہو چکے ہیں، جب کہ **ونڈو پیریڈ کے بعد منفی** نتیجہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ **متاثر نہیں** ہوئے ہیں ۔

### ونڈو پیریڈ کیا ہے؟

**ونڈو پیریڈ** HIV سے آپ کے متاثر ہونے کے لمحہ اور اینٹی بوڈی ٹیسٹ کے مثبت نتیجہ کے انکشاف کی درمیانی مدت کو کہتے ہیں ۔ HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ کا ونڈو پیریڈ 3 ماہ ہے ۔ اس مدت کے دوران، ایك متاثرہ شخص دوسرے لوگوں تك وائرس منتقل کرسکتا ہے حتی کہ اس کا HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ منفی رہے ۔

### کیا مجھے HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ کروانا چاہیے؟

آپ کو HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ کی ضرورت ہے اگر آپ یا آپ کے جنسی شریك میں سے کسی ایك کو **کبھی بھی**: 1 ) جنسی طور پر منتقل انفیکشن ہوا ہے، 2 ) غیر محفوظ جماع کیا ہے، یا 3 ) کسی کے ساتھ سرنج کا تبادلہ کیا ہے ۔

### HIV اینٹی بوڈی فوری ٹیسٹ کیا ہے؟

ایك روایتی HIV ٹیسٹ (شریان میں سے خون نکالنا) کا نتیجہ آنے کے لیے تقریباً ایك ہفتہ لگتا ہے، جبکہ فوری ٹیسٹ (انگلی میں چبھونا) کے لیے صرف 20 منٹ درکار ہیں ۔ فوری ٹیسٹ اس لیے خاص طور پر کچھ دیکھ بھال کے نقطہ نظر سے مفید ہے، مثال کے طور پر دیر سے حاضر ہونے والی حاملہ خاتون کے لیے ہنگامی وضع حمل کے لیے ٹیسٹ کرنا ۔ فوری ٹیسٹ خطرہ کے حامل افراد کو ٹیسٹ میں شامل کرنے کو بہتر کرنے میں مدد بھی کرتا ہے جب بیرونی رسائی کے حوالہ سے استعمال کیا جائے، مثال کے طور پر ہم جنس پرست بھاپ غسل ۔

## یہ کیسے کیا جاتا ہے؟

خون نکالنے کے لیے انگلی میں چبھونا



لوپ (خون کے ساتھ) کو ٹیسٹ کٹ میں ڈالیں



ٹیسٹ کا نتیجہ




برائے مہربانی نوٹ کریں: فوری ٹیسٹ صرف ایك سکریننگ ٹیسٹ ہے ۔ کسی بھی قسم کے مثبت فوری ٹیسٹ کا نتیجہ کے بعد لیبارٹری کی طرف سے منعقد کردہ شریانی خون کا تصدیقی ٹیسٹ کروانا چاہیے ۔

## “جلد ٹیسٹ کروانے اور جلد علاج ” کے کیا فوائد ہیں ؟

### A) آپ کے لیے

کچھ لوگ HIV کے لیے ٹیسٹ کروانے یا علاج کروانے سے انکار کردیتے ہیں کیونکہ ایڈز کا کوئی علاج نہیں ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ آج کل **اینٹی ریٹروِوائرل تھیراپی** مؤثر طرح سے HIV کو دبا سکتی ہے، ممکنہ انفیکشن سے بچاتی ہے، اور زندہ رہنے کی شرح کو بڑھاتی ہے ۔ علاج کا نتیجہ نمایاں ترین ہوتا ہے اگر مریض کی تشخیص اور علاج جلدی ہو ۔ مدافعتی نظام کے بری طرح تباہ ہونے سے پہلے علاج کروانا مرض کے بڑھنے کو مؤثر انداز میں کنٹرول کرسکتا ہے ۔

### B) آپ کے جنسی شریك کے لیے

شك و شبہ سے پرے تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ **اینٹی ریٹروِوائرل تھیراپی** بہت مؤثر انداز میں جنسی تعلق سے HIV کی منتقلی سے بچاتی ہے ۔ اس لیے، جلد HIV کا ٹیسٹ اور علاج کروانا آپ اور آپ کے جنسی شریك کے لیے فائدہ مند ہوسکتا ہے ۔

اہم نوٹ: اپنی اور اپنے جنسی شریك کی حفاظت کے لیے، جب بھی جماع کریں برائے مہربانی باقاعدہ طور پر کنڈوم استعمال کریں، اور کسی کے ساتھ سرنجوں کا تبادلہ نہ کریں، جو بھی آپ کا **HIV** کا نتیجہ ہو ۔

### میں کہاں سے مدد لے سکتا ہوں؟

**اگر آپ ایڈز کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں، یا HIV اینٹی بوڈی ٹیسٹ کروانا چاہتے ہیں، برائے مہربانی ایڈز کی ہاٹ لائن : 2780-2211 پر کال کریں ۔ مشیر نرس آپ کے لیے اپائنٹمنٹ بك کرسکتی ہے ۔ ٹیسٹ کرنے کی سہولت مفت، خفیہ اور پوشیدہ ہے ۔**

### متعلقہ معلومات

- ایڈز ہاٹ لائن (کینٹونیز، انگلش اور پوتنگوا):(852) 2780 2211
- ایڈز ہاٹ لائن (تگالوگ، ویتنامی اور تھائی): (852) 2359 9112
- ایڈز ہاٹ لائن (ہندی،انڈونیشین،نیپالی اور اردو):(852) 2112 9980
- محکمہ صحت کی ویب سائٹ:http://www.dh.gov.hk
- ہانگ کانگ کا ورچیول ایڈز آفس:http://www.aids.gov.hk
- ایڈز ہاٹ لائن ویب سائٹ:http://www.27802211.com

ریڈ ربن سینٹر
ٹیلی فون:(852) 3143 7200
ویب سائٹ: http://www.rrc.gov.hk
ریڈ ربن سینٹر کی طرف سے پیش کردہ ۔ تکنیکی امداد کے لیے UNAIDS باہمی سینٹر، ہانگ کانگ